RAMPUR GOVT GAZETTE

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ صفر المظفر ۱۳۱۳ھ مطابق ۵ اگست ۱۸۹۵ عیسوی | جلد

## فہرست مضامین



| نمبر صفحہ | نام مضمون | نمبر شمار |
|---|---|---|
| | روبکارات حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم | |
| ۱ و ۲ | تجدید رسالہ نقشہ جات پیدایش و اموات بابت [illegible] ہفتہ وار بنابر [illegible] گزٹ — | ۱ |
| ۲ | [illegible] احمدی بیگم [illegible] زوجہ ابراہیم علیخان — | ۲ |
| ۲ و ۳ | [illegible] صاحب اسسٹنٹ سرجن سپرنٹنڈنٹ جیلخانہ — | ۳ |
| | احکام اجلاس کامل | |
| ۳ | تقرری سید ابراہیم صاحب وکیل [illegible] اسٹیٹ پلیڈری — | ۴ |
| ۳ | [illegible] صاحب نائب [illegible] تحصیل بلند شہر — | ۵ |
| | احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر | |
| ۳ | [illegible] حسین [illegible] انوار حسین نائب صدر [illegible] — | ۶ |
| ۳ | [illegible] حسین بجاے عبد [illegible] — | ۷ |
| ۳ | [illegible] — | ۸ |
| ۳ | [illegible] امانت ضمانت — | ۹ |
| ۳ | [illegible] بہادر [illegible] — | ۱۰ |
| | روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر | |
| ۵ | ہدایت بابت معاینہ دفاتر و سررشتہ ہاے ماتحت — | ۱۱ |
| ضمیمہ | نقشہ بارش و نقشہ حیات و ممات و نرخ [illegible] — | ۱۲ و ۱۳ |



### روبکار اجلاس ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۷ جولائی ۱۸۹۵ء

قبل ازین ۲۷ اپریل ۱۸۹۵ء کو اس امر کی ہدایت و تاکید کی گئی ہے کہ نقشہ پیدایش و اموات مع اسباب موت جملہ تحصیلات و حضور تحصیل رامپور سے اگر ہفتہ وار گزٹ مین صحت التزام کے ساتھ شایع ہوا کرے مگر بلاحظہ گزٹ ۷ رغایت ۱۴ جولائی سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہدایت پر عمل نہین ہوا۔ اور گزٹ مطبوعہ ۱۴ جولائی ۱۸۹۵ء مین تحصیل حضور تحصیل بلاسپور تحصیل ٹانڈہ کی نسبت نقشہ اموات و پیدایش شایع نہین ہوا ہے

اسیطرح نقشہ بارش بھی تحصیل ٹانڈہ و بلاسپور و سوار سے نہیں آیا ممکن ہے اسکا سبب بارش نہونا قیاس کیا جاوے مگر ہفتہ وار نقشہ ایسی رپورٹ سے آنا چاہیے تھا کہ اس ہفتہ میں بارش نہیں ہوئی۔ نیز سرخانہ کا نقشہ تحصیل حضور سے فروگذاشت ہوا ہے۔ اس عدم تعمیل حکم کی نسبت تحصیلات سے جو نقشہ بارش مذکور نہیں بھیجتے ہیں جواب طلب کیا جاوے۔ لہذا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر بغرض طلب جواب و اجرای احکام مرسل ہو اور ایک نقل گزٹ میں شائع کیجاوے۔

## حکم اجلاس عالی حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ جولائی ۱۸۹۵ء

مصدورہ عرضی احمدی بیگم عرف بنّن بیگم زوجہ ابراہیم علیخان صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے اجلاس میں پیش ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ایک نقل اس عرضی کی گزٹ سرکاری میں واسطے آگاہی جملہ عدالتون کے شایع کیجاوے اور ایک ایک جلد عدالتہاے دیوانی و فوجداری مین و رجسٹری میں بھیجدیجاوے ۲۴ جولای ۱۸۹۵ء

## عرضی احمدی بیگم عرف بنّن بیگم زوجہ ابراہیم علیخان

غریب پرور سلامت

جناب عالی عرض حال یہ ہے کہ دو برادران حقیقی فدویہ مسمیان نظام الدین خان و احمد علیخان و یک برادر چچازاد مسمی ہدایت علیخان قدیم سے فدویہ سے رنج و عداوت رکھتے ہیں اور ہمیشہ سے درپے آزار و بھی و نقصان رسانی اس عاجزہ کے رہتے ہیں اور طرح طرح کے افعال ناشایستہ کسان مذکورہ بالا سے سرزد ہوتے رہتے ہیں کہ جس سے تمامی اہل شہر واقف ہیں اس سبب سے فدویہ ہر وقت خائف رہتی ہے اور ہر وقت فدویہ کو خوف اس امر کا رہتا ہے کہ فدویہ کی جانب سے بلا اطلاع فدویہ کسی قسم کی کارروائی کسی عدالت میں کریں اور بسبب پردہ نشینی کے فدویہ کو اطلاع نہو اور نقصان ناجائز ہو جاوے جو کہ بندگان حضور پرنور کو خداے تعالے نے ملجاے بیکسان کیا ہے۔ لہذا قطعہ عرضی ہذا بندگان حضور میں گذار کر امیدوار ہوں کہ حضور پرنور براہ معدلت گستری حکم قضا شیم بنام حاکمان ماتحت صادر نافذ فرماویں کہ کسی قسم کی کارروائی نامبردگان اگر فدویہ کی جانب سے کسی عدالت میں پیش کریں وہ حاکم جب تک فدویہ سے تصدیق نکرلیں کسی قسم کا حکم نافذ نکریں واجبا عرض کیا۔

آفتاب دولت تابان رہے

## روبکار اجلاس ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ جولای ۱۸۹۵ء

جیل کمپنی کا تعلق ابتک ملٹری ڈپارٹمنٹ سے ہے اور عہدہ اوسکی محکمہ وائس پریزیڈنسی سے متعلق ہے انتظام آئندہ کیواسطے مناسب خیال کیا جاتا ہے کہ کمپنی مذکور ملٹری ڈپارٹمنٹ سے علیحدہ ہو کر متعلق محکمہ وائس پریسیڈنسی سمجھی جاوے۔ اور انتظام کمپنی مذکور کا صاحب سٹیٹ سرجن سپرنٹنڈنٹ جیل خانہ سے متعلق کیا جاوے۔ صاحب مذکور منظوری ترقی و تنزل و برخاستگی ملازمان کمپنی مذکور کی بجائے بتوسط صاحب وائس پریسیڈنٹ بہادر حاصل کر لیا کرینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض کارروائی و عملدرآمد ضابطہ روبکار ہذا صاحب سیکرٹری اوڈ ایریز بہادر کے اجلاس میں بھیجی جاوے اور ایک نقل اطلاعاً بخدمت صاحب اسسٹنٹ پریسیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔ نقل روبکار درج گزٹ بھی کیجاوے۔

## حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۳ جولائی ۱۸۹۵ء

مثل تحریک صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس در امر تعین سید ابراہیم صاحب وکیل حاضری مجسٹریٹ کو اسٹنٹ پلیڈر مقرر کیا جاوے

صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کی تحریک اس امر میں کہ سید ابراہیم صاحب وکیل حاضری مجسٹریٹ کو اسٹنٹ پلیڈر مقرر کیا جاوے ملاحظہ سے گذری ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر ان کونسل اس امر کو مناسب تصور فرماتے ہیں کہ اسٹنٹ پلیڈری کے عہدہ پر سید ابراہیم جیسا لائق و ہوشیار آدمی مقرر کیا جاوے اور مولوی یعقوب علیخان وکیل سابق کو ناتوانی اور کبر سنی کیوجہ سے اس عہدہ سے معاف کیا جاوے اور اس خدمت کے عوض میں جو تنخواہ ماہواری ریاست سے وکیل سابق کو ملتی تھی وہی تعداد سے وکیل حال یعنی سید ابراہیم صاحب کو دیجاوے اور ہم مولوی یعقوب علیخان زمرہ ملازمت سے خارج ہو کر تنخواہ بند کیجاوے۔ مثل بغرض اجرائے احکام و کارروائی ضابطہ صاحب جوڈیشل ممبر کے اجلاس میں بھیجی جاوے اور نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس صاحب اسسٹنٹ پریسیڈنٹ بہادر کی خدمت میں مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ بھی کیجاوے۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم۔ دستخط صاحب اسسٹنٹ پریسیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر۔ دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

### حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

تعمیل حکم کونسل احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یکم اگست سے عملدرآمد کیا جاوے۔ ایک نقل حکم کونسل بخدمت صاحب جج بہادر اور ایک نقل بخدمت منشی صاحب دیوانی جہاں وکیل سرکار کی تنخواہ درج ہوتی ہے مرسل ہو۔ ۳۰ جولائی ۱۸۹۵ء

(دستخط)

## حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۳ جولائی ۱۸۹۵ء

مثل روبکار صاحب ریذیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر دربارہ خطاب نواب سید محمد علیخان صاحب بہادر رئیس بلند شہر

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم اجلاس کونسل پیش ہوئی روبکار صاحب ریذیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر ملاحظہ ہوا خطاب نواب جو محمد علیخان صاحب رئیس بلند شہر کو پیشگاہ نواب ویسرائے و گورنر جنرل بہادر سے عطا ہوا ہے اوسکا اندراج و عملدرآمد روبکارات و تحریرات ریاست میں ضرور ہے صاحب بہادر ممدوح کے نام جس جگہ خط و کتابت میں مستعمل ہو لفظ نواب ضرور لکھا جایا کرے لہذا تجویز ہوا کہ ایک ایک نقل روبکار ہذا بخدمت صاحبان ... اور ایک نقل بنا بر درج گزٹ مرسل ہو اور مثل ہذا باجلاس صاحب سکرٹری بہادر بھیجی جاوے۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم۔ دستخط صاحب اسسٹنٹ پریسیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر۔ دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر بہادر

## تبادلہ

۱۹ جولائی ۱۸۹۵ء

منشی تجمل حسین پیشکار تحصیل سوار بجاے منشی انوار حسین نائب صدر قانونگو اور منشی انوار حسین بجاے منشی تجمل حسین پیشکاری تحصیل سوار پر بھیجے گئے دونوں عہدہ دار تنخواہ اپنی اپنی پاوینگے۔

## ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر بہادر

## تقرر

۲۵ جولائی ۱۸۹۵ء

حسب وصول روبکار اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر تقرر منشی فدا حسین بمشاہرہ بست روپیہ ماہوار بجاے عبد الواسع پیشکار سررشتہ انہار ۲۹ مئی سنہ حال یوم کارکردگی سے عمل مین آیا احکام ضابطہ جاری ہوئے

## ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر بہادر

## رخصت

۲۸ جولائی ۱۸۹۵ء

عرضی صاحبزادہ احمد رضا خان پیشکار دوم حضور تحصیل بدرخواست رخصت دو ہفتہ براے روانگی الہ آباد و بذمہ داری امتیاز علیخان پیشکار اول پیش ہوکر رخصت مطلوبہ منظور ہوئی۔

## حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر بہادر واقع ۲۸ جولائی ۱۸۹۵ء

مصدورہ کیفیت منشی صدر دفتری عرضی محمد خان مستاجر کیمر پرگنہ سوار بدرخواست واپسی امانت ضمانت زر

اکثر بذریعہ عرض ہمارے سامنے اسی قسم کے عرضیان پیش ہین غور کرنیسے معلوم ہوتا ہے کہ امانت ضمانت کا روپیہ اپنا یا مثل سیاہہ کر لینا اوسکے عوض مین کسی جایداد کو ضمانت مین منقول کرلینا مناسب نہین ہے اسوجہ سے کہ امانت ضمانت کا روپیہ دو وجہ سے اہل سرکار کو

اول یہ کہ اگر بعد فوت جانے مستاجری کے تقاوی و کشی وغیرہ کی کمی ہوتی ہے تو وہ مستاجر سے لیجاتی ہے اور بحالت شدہ ضرورت جب یہ معلوم ہوتا ہے کہ مستاجر نا قابل اور اسے مالگذاری نہین ہے تو زر امانت سیاہہ کرکے بیباقی کردیجاتی ہے لہذا زر نقد کا امانت مین داخل رہنا ضروری ہے اور اسوجہ سے اوسکا زیر باقی سیاہہ ہونا نامناسب ہے علاوہ اسکے استغراق جایداد مین یہ بھی قباحت ہے کہ ہنگام نیلام و وصول مطالبہ صدہا نزاعات عذرات حق و ملکیت پیش آتے ہین اور بعض اوقات جایداد مستغرقہ واگذاشت بھی ہوجاتی ہے۔

## حکم ہوا کہ

سائل کو اطلاع دیجاوے اور نقل حکم ہذا بغرض اعلان اطلاع عام گزٹ مین بھی شایع ہووے۔

## ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر بہادر

## مستقلی

۳۰ جولائی ۱۸۹۵ء

عرضی لالہ شیو لعل جہتا اہلمد تعمیرات مع رپورٹ منشی پیارے لال نائب سررشتہ دار انچارج سررشتہ دار صدر بدرخواست مستقلی و اضافہ بوجہ انقضاے مدت غیر مستقلی ملاحظہ ہوکر فی الحال اسی عہدہ مشاہرہ پر مومی الیہ مستقل کیا گیا بعد چھ ماہ درخواست اضافہ کرے۔

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۳۱ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

آج بوقت معائنہ دفاتر و سررشتہ ہاے ماتحت واضح ہوا کہ بعض سررشتون مین اہلکاران سررشتہ افسر سررشتہ کی نگاہ و نگرانی سے علٰحدہ بیٹھتے ہین یہ امر نہایت نامناسب ہے۔

اور یہ بھی دیکھا گیا کہ اکثر اہلکاران کے پاس غیر شخص و غیر ملازم لوگ سررشتہ سرکاری مین بیٹھے ہوے ہین یہ بات بھی بالکل نامناسب وخلاف احتیاط ہے۔

صاحب رجسٹرار صدر علٰحدہ کمرہ مین بیٹھتے ہین اور انکا عملہ و دفتر علٰحدہ کمرہ مین رہتا ہے حالانکہ دفعہ ۱۱ قانون رجسٹری مین خاص اوصاف حکم ہے کہ دفتر رجسٹری عہدہ دار رجسٹری کے خاص کمرہ اجلاس مین رہنا چاہیے اسوقت جو طریقہ جاری ہے وہ خلاف حکم قانون بھی ہے اور نامناسب خلاف احتیاط ہے۔

عدالت فوجداری کا ناظر عدالت فوجداری سے بالکل علٰحدہ اور فاصلہ پر دوسرے مکان مین مع اپنے متعلقہ دفتر کے بیٹھتا ہے یہ بھی بالکل نامناسب ہے اوس کمرہ مین ناظر کا رہنا چاہیے جہان دیگر اہلکاران عدالت فوجداری زیر نگرانی حاکم عدالت بیٹھتے ہین جملہ حکام عدالتہاے ماتحت و افسران سررشتہ امورات مذکورہ بالا کی بہت احتیاط رکھین۔

حسب حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور ایک نقل بذریعہ صاحب [illegible] پاس صاحب مجسٹریٹ ضلع مرسل ہو کہ ناظر فوجداری کی نشست حاضری کا بندوبست اپنے اجلاس کے منشی خانہ مین فرمادین اور احتیاط رکھی جاے کہ کوئی غیر ملازم سررشتہ مین نہ آوے اور ایک نقل روبکار ہذا پاس صاحب رجسٹرار صدر مرسل ہو کہ حکم قانون و روبکار ہذا کے منشار کے موافق تعمیل ہونا چاہیے۔

[illegible]

---

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

## نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۹ جولائی لغایت ۳ اگست ۱۸۹۵ء

| تاریخ و دن | صدر عالیہ | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعداد بارش | از ابتدا | تعداد بارش | از ابتدا | تعداد بارش | از ابتدا | تعداد بارش | از ابتدا | تعداد بارش | از ابتدا | تعداد بارش | از ابتدا |
| ۲۹ جولائی روز دوشنبہ | ۱۵ | ۱۹۰ | ۰ | ۱۳۰ | ۴ | ۱۸۶ | ۲۰ | ۲۳۸ | ۳۰ | ۱۸۱ | ۱۱ | ۲۹۲ |
| ۳۰ جولائی روز سہ شنبہ | ۰ | ۱۹۰ | ۰ | ۱۳۰ | ۰ | ۱۸۶ | - | ۲۳۸ | ۰ | ۱۸۱ | ۰ | ۲۹۲ |
| ۳۱ جولائی روز چہارشنبہ | ۱۷ | ۱۹۷ | ۳ | ۱۳۴ | ۳ | ۱۸۹ | ۰ | ۱۳۸ | ۰ | ۱۸۱ | ۰ | ۲۹۲ |
| یکم اگست ۱۸۹۵ء روز پنجشنبہ | ۰ | ۱۹۷ | ۱۷ | ۱۵۱ | ۸ | ۱۹۷ | ۰ | ۱۳۸ | ۶ | ۱۸۷ | ۱۰ | ۳۰۲ |
| ۲ اگست ۱۸۹۵ء روز جمعہ | ۱۱ | ۲۰۸ | ۰ | ۱۵۱ | ۰ | ۱۹۷ | ۲ | ۱۴۰ | ۰ | ۱۸۷ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| ۳ اگست ۱۸۹۵ء روز شنبہ | ۲ | ۲۱۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰۰ | ۱۴۰ | ۳ | ۱۹۰ | ۰۰ | ″ |

## نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۹ جولائی لغایت ۳ اگست ۱۸۹۵ء

| نام مقام | تفصیل پیدائش | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | مرد | | عورت | | میزان | تفصیل اموات | | | | | | | | | میزان | | | | تفصیل امراض | | | | |
| شہر رامپور | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| [illegible] | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ″ |
| عظیم نگر | ۴ | ۹ | ۳ | ۵ | ۱۸ | - | ۱۱ | ۲ | ۱ | ۳ | ۳ | ۱ | ۵ | ۲ | ۱۰ | ۰ | [illegible] | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۶ | ۱۶ | ۰ |
| شاہ آباد | ۵ | ۱۹ | ۵ | ۱۲ | ۳۷ | ۱۰ | ۳۱ | ۳ | ۳ | ۳ | ۰ | ۳ | ۱ | ۱۰ | ۳ | - | ۱۱ | ۰ | ۰ | ۱۴ | ۰ | ۱۴ | |
| چراولی | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| ملک | ۲۷ | ۱۵۱ | ۲۱ | ۱۰۲ | ۲۰۱ | ۳۸ | ۲۵۳ | ۵۳ | ۲۵ | ۱ | [illegible] | ۴۲ | ۳۰ | ۵۵ | [illegible] | ۲۱ | ۱۲۰ | ۰ | ۱۲ | ۰ | ۱۳۶ | ۱۲۹ | ۰ |
| بلاسپور | ۶ | ۳ | ۴ | [illegible] | ۲۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۶ | ۲ | ۴ | ۵ | [illegible] | ۴ | ۱۳ | ۱۱ | ۱۰ | ۱۵ | ۰ | ۰ | ۲۵ | ۰ | ۲۵ | ۰ |
| کیمری | ۰۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| سوار | ۰۰ | ۰ | ۰ | ۳ | ۲ | ۰ | ۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| [illegible] | ۰۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| ٹانڈہ | ۰۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ″ |
| میزان | ۳۲ | ۱۷۹ | ۳۳ | ۱۲۹ | ۳۰۳ | ۴۵ | ۳۰۸ | ۶۳ | ۳۱ | ۱۰ | ۱۹ | ۵۳ | ۳۰ | ۱۲۶ | ۴۷ | ۴۲ | ۱۶۱ | ۰ | ۱۲ | ۳۹ | ۱۵۲ | ۲۰۳ | ۰ |

# نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۹ جولائی لغایت ۴ اگست ۱۸۹۵ء

| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۱۳ ۱۰ار | ۱۳ ۱ار | ۱۴ ۱۰ار | ۱۵ ۱۰ار | ۱۳ ۱۰ار | ۱۴ ۱ار | ۰ |
| نخود خالص | ۱۸ ۱ار | ۱۸ ۱ار | ۱۷ ۱ار | ۱۶ ۱ار | ۱۸ ۱ار | ۱۷ ۱ار | ۰ |
| نخود کستہ آمیز | ۱۸ ۱۰ار | ۱۸ ۱۰ار | ۱۹ ۱ار | ۲۱ ۱ار | ۲۰ ۱ار | ۲۰ ۱ار | ۰ |
| [illegible] | ۱۹ ۱ار | ۰ | ۲۰ ۱ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| ماش | ۸ ۱ار | ۹ ۱ار | ۸ ۱ار | ۸ ۱ار | ۸ ۱ار | ۷ ۱ار | ۰ |
| مونگ | ۱۱ ۱۰ار | ۱۲ ۱ار | ۱۰ ۱ار | ۰ | ۰ | ۹ ۱ار | ۰ |
| مکا | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| سبجے | ۲۶ ۱ار | ۲۲ ۱۰ار | ۰ | ۰ | ۲۵ ۱ار | ۲۵ ۱۰ار | ۰ |
| گوسبجے | ۳۰ ۱۰ار | ۱۶ ۱ار | ۳۰ ۱ار | ۰ | ۲۰ ۱۰ار | ۱۸ ۱ار | ۰ |
| عدس | ۲۰ ۱ار | ۲۰ ۱ار | ۳۰ ۱ار | ۰ | ۲۲ ۱۰ار | ۲۰ ۱ار | ۰ |
| [illegible] | ۱۹ ۱ار | ۱۳ ۱ار | ۲۰ ۱ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ |
| برنج | ۹ ۱۰ار | ۹ ۱ار | ۹ ۱ار | ۱۰ ۱ار | ۱۰ ۱۰ار | ۹ ۱ار | ۰ |
| روغن زرد | ۰ | ۱۱ ۱ار | ۱ ۱ار | ۱۱ ۱ار | ۱۱ ۱ار | ۱۱ ۱ار | ۰ |
| روغن سیاہ | ۲ ۱۰ار | ۲ ۱ار | ۲ ۱ار | ۲ ۱ار | ۲ ۱۰ار | ۲ ۱۰ار | ۰ |
| روغن کنجد | ۰ | ۲ ۱ار | ۱ ۱۰ار | ۰ | ۰ | ۲ ۱ار | ۰ |
| نمک سانبھر | ۸ ۱۰ار | ۸ ۱ار | ۸ ۱۰ار | ۸ ۱ار | ۸ ۱۰ار | ۸ ۱ار | ۰ |
| نمک لاہوری | ۷ ۱ار | ۶ ۱ار | ۶ ۱ار | ۰ | ۰ | ۷ ۱ار | ۰ |
| قند سیاہ | ۶ ۱۰ار | ۶ ۱ار | ۶ ۱ار | ۰ | ۶ ۱۰ار | ۶ ۱ار | ۰ |

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور